02481 9/22

موضوع: (H.R) کے شعبہ میں ملازمت کا حکم

جنابِ عالی!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! سودی بینک کے (H.R) ہیومن ریسورسز کے شعبہ میں ملازمت کرنے کا کیا حکم ہے؟ HR کی چند بنیادی ذمہ داریاں حسبِ ذیل ہیں:

۱. ادارہ کے مختلف شعبوں کے لئے افرادی قوت کا انتظام کرنا، یعنی نئے افراد کو بھرتی کرنا۔

۲. ملازمین کی تنخواہوں کی تقسیم اور مقدار مقرر کرنا۔

۳. ملازمین کا اخراج کرنا اور بوقتِ اخراج یا استعفاء ان کے مالی حسابات (یعنی کمپنی پر ان کی واجبُ الاداء رقم یا ان کی تنخواہ سے قابلِ منہا رقم کا حساب) تیار کرنا۔

سوال کا منشاء یہ ہے کہ H.R کا شعبہ ادارہ کے تمام شعبہ جات کو افرادی قوت کے لحاظ سے تعاون فراہم کرتا ہے، اور آج کل کسی بھی ادارہ کا H.R کے شعبہ کے بغیر چلنا محال ہے، تو ایسی صورت میں سودی بینک کے HR کے شعبہ میں کام کرنے کا شرعی حکم کیا ہے؟

نیز اگر کوئی ادارہ ایسا ہو جس کی آمدنی مخلوط ہو اور H.R والوں کو بھی اسی مخلوط آمدنی سے تنخواہ دی جاتی ہو تو ایسی صورت میں اس شعبہ میں ملازمت کا کیا حکم ہے؟ اور اس کی تنخواہ کا کیا حکم ہے؟

(جواب منسلک ہے ۔۔۔)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجواب حامداً ومصلیاً

کسی بھی سودی بینک کے ہیومن ریسورس (H.R) کے شعبہ میں ملازمت اختیار کرنے میں یہ تفصیل ہے کہ بینک کے اندر جو جائز اُمور ہیں، ان کیلئے کسی کا تقرّر کرنا جائز ہے اور اس کی تنخواہ بھی حلال ہے۔ اور بینک کے جو شعبے صرف سودی کاموں کیلئے مقرر ہیں، ان کیلئے افراد کا تقرّر کرنا ناجائز ہے، اور ایسے افراد کی تقرّری میں جتنا وقت خرچ ہوتا ہے، اس کے بقدر تنخواہ ناجائز ہوگی، اور اس کا صدقہ کرنا لازم ہوگا۔ کیونکہ جو شعبے صرف سودی کاموں کیلئے مقرر ہیں، ان کیلئے افراد کا انتخاب اور ان کی ترقّی و تنزّل اور معاملات کی دیکھ بھال کرنا معصیت کا سببِ قریب ہے۔.......................... واللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اعلم

سلمان احمد عفا اللہ عنہ

دارالافتاء جامعہ دارالعلوم کراچی

۴ / ۳ / ۱۴۳۸ھ

الجواب صحیح
بندہ محمد تقی عثمانی عفی عنہ
۴ / ۳ / ۳۸ھ

الجواب صحیح
احقر محمود اشرف غفر اللہ لہ
۵ / ۳ / ۱۴۳۸ھ

الجواب صحیح
محمد عبدالمنان عفی عنہ
۵ / ۳ / ۱۴۳۸ھ

الجواب صحیح
۵ / ۳ / ۱۴۳۸ھ

الجواب صحیح
۵ / ۳ / ۱۴۳۸ھ

الجواب صحیح
بندہ ابراہیم عیسیٰ
۷ - ۳ - ۱۴۳۸ھ

الجواب صحیح
۷ - ۳ - ۱۴۳۸ھ

الجواب صحیح
عبدالمنعم
۸ / ۳ / ۱۴۳۸ھ